بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ؕ
شروع اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا بڑا مہربان ہے

وَمَآ اَرۡسَلۡنٰكَ اِلَّا رَحۡمَةً لِّلۡعٰلَمِيۡنَ ؕ
اور نہیں بھیجا ہم نے آپ کو اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مگر رحمت ہر واسطے تمام جہانوں کے

درود تاج مبارک

خاصیت

درود تاج شریف جو زمانہ بھر میں پھرتا ہے اس میں کمی ہے۔ دعا گو جملہ مخلصین کے لیے یہ تحفہ بے نظیر پیش کرتا ہے اور اس کا طریقہ بھی حسب ذیل درج کرتا ہے اس کے مطابق عمل میں لایا جاوے۔ بے شمار برکات حاصل ہوں گے۔

فضیلت اوّل

درود شریف کی فضیلت قرآنِ کریم میں بیان ہے۔ حضور رب العزت وحدہٗ لاشریک کی ذاتِ مقدس نے اہلِ ایمان کے لیے درود شریف فرض قرار دیا ہے جو خود ذاتِ قدسیہ نے ارشاد فرمایا ہے کہ میں تحفہ درود شریف اپنے محبوب پاک علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ذاتِ قدسیہ پر پڑھتا ہوں اور میرے فرشتگان بھی درود شریف پڑھتے ہیں۔ بارگاہِ الٰہی سے ارشاد صادر ہوتا ہے۔ اے اہل ایمان

تم بھی میرے محبوب پاک پر تحفۂ درود شریف پڑھو۔ حدیث پاک سے بکثرت تحفۂ درود شریف پڑھنے کی تاکید ہے۔ تحفۂ درود شریف ایک مشکل کشا وظیفہ ہے اور سب مرضوں کی دوا ہے۔ قربِ حضوری کے لیے اکسیر ہے۔ حضور خواجۂ خواجگان تقدس مآب برہان حقیقت سلطان العارفین خواجہ غریب نواز سید محمد معین الدین اجمیری ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ میں نے قربِ کمال شرف درود شریف کی وجہ سے حاصل کیا ہے۔

اعلیٰ حضرت تقدس مآب سید خواجہ قطب الدین بختیار کاکی دہلوی ارشاد فرماتے ہیں۔ اگر انسان کو کافی اشغال دنیاوی ہوں تو کم از کم تین ہزار سے تحفۂ درود شریف دن رات میں کم نہ کیا جاوے۔ اور اعلیٰ حضرت پیرانِ پیر مخدومِ معظم محبوبِ سبحانی میں سید محمد عبد القادر جیلانی قدس سرہٗ العزیز ارشاد فرماتے ہیں کہ طالبین و مقربین دن رات میں کم از کم پانچ ہزار بار تو تحفۂ درود شریف پیشِ حضور انور تاجدارِ مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کیا کریں اور فرماتے ہیں جو مجھے قربِ کمال حاصل ہوا صرف درود شریف کی وجہ سے حاصل ہوا۔

حضرت محدث فضیلت درجات شاہ عبد العزیز صاحب دہلوی قدس سرہٗ مشاہدات میں ارشاد فرماتے ہیں کہ مجھے قربِ کمال صرف درود شریف کی وجہ سے حاصل ہوا اور اب سارا جہان میرے سامنے بمنزلۂ آئینہ کے ہے اور اعلیٰ حضرت حضور خواجہ سلطان العارفین فخر سادات کل امام الاولیاء مخدوم جہانیاں جہاں گشت قدس سرہٗ اُچوی نقوی البخاری ارشاد فرماتے ہیں۔ کم از کم تحفۂ درود شریف دن رات میں بارہ ہزار روزانہ پیشِ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پیش کرنا چاہیئے اس سے کم نہ کرنا

ایمان ثابت ہوگی۔

اعلحضرت تقدس مآب سلطان العارفین مخدوم سید علی ہجویری عرف داتا گنج بخش رحمتہ اللہ علیہ لاہوری ارشاد فرماتے ہیں۔ جس قدر محبوب رب العالمین کی یاد کریں گے اس قدر دربار الٰہی سے انوار نازل ہوں گے۔ کم از کم طالبین دن رات میں تحفہ درود شریف سات ہزار سے کم نہ کریں۔

حضور امام العارفین سیدنا امام جعفر صادق علیہ السلام ارشاد فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ کے قرب کمال کو حاصل کرنے کے لیے اگر کوئی مقرب ذریعہ ہے تو تحفہ درود شریف ہے۔ لہذا طالبین کے لیے چاہیئے کہ جب دنیاوی اشغال سے فرصت پاویں۔ کثرت سے درود شریف پڑھا کریں۔ تاکہ قرب حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم و قرب درگاہ الٰہی طالبین کو نصیب ہو۔ اس سے بڑھ کر اور کوئی قرب کے لیے وظیفہ بہتر نہیں۔

طریقہ تلاوت درود تاج

بوقت صبح مسواک کر کے وضو تازہ کر کے قبل نماز یا بعد از نماز سات بار تا قیام زندگی ہمیشہ جاری رکھے۔

جو شخص مقروض ہو، قیدی ہو یا کسی مصیبت میں مبتلا ہو اس کے لیے اجازت ہے۔ کہ وہ روزانہ دن رات میں ۴۰ یوم تک بطریقہ چلہ چھہتر بار تلاوت روزمرہ کرے انشاءاللہ تعالیٰ اس درود شریف کی برکت سے طالبین مقصود کو حاصل کریں گے۔ اس چلہ کے بعد ہمیشہ مخلصین سات بار روزانہ نہار منہ تلاوت کرے۔

درود شریف پڑھنے سے پہلے کوئی بدبودار چیز مثلاً پیاز، لہسن اور مولی

قسم کی کوئی چیز استعمال نہ کرے۔ کیونکہ بدبودار چیزیں استعمال کرنے والے کا درود شریف قبول نہیں ہوتا۔

طریقہ دوم برائے زیارت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام

غسل کر کے خوشبو لگا کر سرمہ آنکھوں میں ڈال کر مکان مصفا کرے اگربتی سے خوشبو معطر کرے۔ ایک مسند مصفا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لیے بنائے اس کے پیچھے اپنے لیے مصلی بچھائے۔ اس پر بیٹھ کر صرف جمعہ کی شب کو بچیتر بار درود شریف پڑھ کر سر بجانب قطب رکھ کر سو جائے۔ اسی طرح سات جمعرات عمل کرے۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت پر بھروسہ ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ اس کو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت نصیب ہوگی۔ اس مکان میں کوئی بدبودار چیز نہ ہو۔ نہ وہاں سگریٹ ہو نہ حقہ عمل کرنے والا، اگر سگریٹ یا حقہ پیتا ہے اُس کو زیارت نصیب نہ ہوگی۔

ہر مرد، عورت کے لیے اس کی اجازت ہے۔ دوبارہ اس کی اجازت لینے کی ضرورت نہیں۔ اس محبوب وظیفہ کو خوش نصیب طالبین پڑھیں گے۔ اللہ تعالیٰ اس کی تلاوت ہر کسی کو نصیب کرے۔ (آمین)

خادم الفقراء سید شمس فیض علی شاہ نقوی البخاری سجادہ نشین

درگاہ معلی حضرت سید سخی شوق الٰہی شاہ صاحب جواہر جلالی اُچوی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا بڑا مہربان ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

اے اللہ! درود بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ہمارے سردار حضرت

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ التَّاجِ وَالْمِعْرَاجِ وَالْبُرَاقِ

محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پاک پر جو تاج والے ہیں اور معراج والے ہیں براق والے

وَالْعَلَمِ دَافِعِ الْبَلَاءِ وَالْوَبَاءِ وَالْاَعْدَاءِ وَالظُّلْمَاءِ

ہیں اور جھنڈے والے ہیں دور کرنے والے ہیں بلاؤں کے اور وباؤں کے اور دشمنوں کے اور تاریکیوں کے

وَالْقَحْطِ وَالْقَرْضِ وَالْمَرَضِ وَالسَّقَمِ وَالْحُزْنِ

اور قحط سالی کے اور قرض اور بیماری کے اور تکلیف کے اور غموں

وَالْاَلَمِ اِسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ مَّرْفُوْعٌ مَّشْفُوْعٌ

اور دردوں کے آپ کا نام لکھا ہوا ہے بلند کیا ہوا ہے ملایا ہوا ہے

مَنْقُوْشٌ فِى اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ سَيِّدِ الْعَرَبِ

نقش کیا ہوا ہے لوح محفوظ میں اور قلم میں وہ سردار ہیں عرب کے

وَالْعَجَمِ صَاحِبِ الْحَيَاءِ وَالسَّخَاءِ وَالْعَطَاءِ

اور عجم کے صاحب حیا اور بخشش والے عطا کرنے والے یعنی دینے والے

وَالْوَفَاءِ وَالشِّفَاءِ فِى الْعِلْمِ وَالْحِلْمِ وَالْفَيْضِ

اور وفادار اور شفا والے علم میں اور حوصلہ افزا اور فیض دینے والے

وَالْفَضْلِ وَاللُّطْفِ وَالْاِحْسَانِ وَالْكَرَمِ ط

اور فضل کرنے والے اور الطاف فرمانے والے اور ہر پر احسان کرنے والے اور کریم ہیں

جِسْمُهٗ مُقَدَّسٌ مُعَطَّرٌ مُطَهَّرٌ مُنَوَّرٌ فِي الْبَيْتِ

جسم اُن کا مقدس یعنی طاہر ہے خوشبودار ہے پاکیزہ ہے روشن ہے (یعنی روشن کرنے والا) بیت

وَالْحَرَمِ ط شَمْسُ الضُّحٰى بَدْرُ الدُّجٰى صَدْرِ

اللہ شریف اور حرم شریف میں وہ سورج کائنات ہیں ظلمات یعنی تاریکیوں کے چاند ہیں عرش

الْعُلٰى نُوْرِ الْهُدٰى كَهْفُ الْوَرٰى مِصْبَاحُ الظُّلَمِ ط

علی کے صدر ہیں ہدایت کے نور ہیں دونوں جہان کے دستگیر اور جائے پناہ ہیں ظلمات کے چراغ ہیں

جَمِيْلُ الشِّيَمِ شَفِيْعُ الْاُمَمِ صَاحِبُ الْجُوْدِ

حسین صفات والے ہیں اولین اور آخرین کے اُمتوں کی شفاعت کرنے والے ہیں صاحب بخشش والے

وَالْكَرَمِ ط سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ عَيْنِ

اور الطاف کریمانہ فرمانے والے ہمارے سردار اور ہمارے مولا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ

الْعِنَايَةِ وَكَنْزُ الْهِدَايَةِ اِمَامِ الْحَضْرَتِ

وسلم جو عنایت کا سر چشمہ ہیں اور ہدایت کا خزانہ ہیں امام الانبیاء ہیں جملہ کائنات

اَمِيْرُ الْمَمْلِكَتِ طِرَازُ الْحُلَلِ نَاصِرِ

کے مخدوم حکمران ہیں قیمتی لباسوں یعنی دلوں کے نقش و نگار ہیں غمزدوں کے

الْمِلَلِ سُلْطَانِ الطَّرِيْقَةِ بُرْهَانِ الْحَقِيْقَةِ

مددگار ہیں طریقت کے شہنشاہ ہیں حقیقت کے لیے دلیل ہیں

زِينَةِ الْمَعْرِفَةِ شَمْسِ الشَّرِيْعَةِ شَفِيْعِ

معرفت کی زینت ہیں شریعت کے سُورج ہیں اُمتوں کے شفاعت

الْأُمَّةِ كَاشِفِ الْغُمَّةِ عَالِي الْهِمَّةِ سِرَاجِ

کرنے والے ہیں ظلمات کے کھولنے والے ہیں بلند ہمت ہیں تمام جہانوں کے

الْعٰلَمِيْنَ ط اَللّٰهُ

روشن چراغ ہیں اللہ

ف: اَللّٰه قلب پر نظر رکھ کر پڑھے۔ دوسری مرتبہ لطیفہ رُوح پر اللّٰه تیسری مرتبہ لطیفہ سِر پر اللّٰه

چوتھی مرتبہ لطیفہ خفی پر اللّٰهُ پڑھے، پانچویں مرتبہ لطیفہ باہوت پر اللّٰه چھٹیں مرتبہ مقام راضیہ پر اللّٰهُ پڑھے۔ ساتویں مرتبہ مرضیہ پر اللّٰهُ پڑھ کر اَللّٰهُ

عَاصِمُهُ وَجِبْرِيْلُ خَادِمُهُ وَالْبُرَاقُ مَرْكَبُهُ

اُن کا مددگار ہے اور جبریل علیہ السلام اُن کے خادم ہیں اور براق (نور) آپ کی سواری ہے

وَالْمِعْرَاجُ سَفَرُهُ وَعِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى مَقَامُهُ

اور معراج آپ کا سفر ہے اور سدرۃ المنتہیٰ آپ کا آخری اور منتہا مقام ہے اور

وَقَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى مَطْلُوْبُهُ وَالْمَطْلُوْبُ

اور قاب قوسین او ادنیٰ آپ کا مطلوب ہے اور آپ کا مطلوب آپ

مَقْصُوْدُهُ وَالْمَقْصُوْدُ مَوْجُوْدُهُ وَالْمَوْجُوْدُ

کا مقصود ہے اور آپ کا مقصود آپ کا موجود ہے اور آپ کا موجود

مَعْبُوْدُهُ وَالْمَعْبُوْدُ رَبُّهُ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ

آپ کا معبود ہے اور آپ کا معبود آپ کا رب ہے آپ تمام رسولوں کے سردار ہیں

خَاتَمِ النَّبِيِّنَ اَنِيْسِ الْغَرِيْبِيْنَ شَفِيْعِ

تمام نبیوں کے ختم کرنے والے یعنی آخری نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام ہیں غریبوں کے ہمدرد ہیں گنہگاروں

الْمُذْنِبِيْنَ رَحْمَةٍ لِّلْعٰلَمِيْنَ رَاحَةِ الْعَاشِقِيْنَ

کی شفاعت کرنے والے ہیں تمام جہانوں کے لیے رحمت ہیں عاشقوں کی راحت ہیں

مُرَادِ الْمُشْتَاقِيْنَ شَمْسِ الْعَارِفِيْنَ سِرَاجِ

مشتاقوں کی اصل مراد ہیں عارفوں کے اصل سورج ہیں سالکوں کے

السَّالِكِيْنَ مِصْبَاحِ الْمُقَرَّبِيْنَ مُحِبِّ الْفُقَرَآءِ

اصل چراغ ہیں مقربین کے اصل شمع روشن ہیں فقیروں اور غریبوں

وَالْغُرَبَآءِ وَالْمَسَاكِيْنَ سَيِّدِ الثَّقَلَيْنِ نَبِيِّ

اور مسکینوں سے محبت کرنے والے ہیں دارین کے سردار ہیں حرم مکہ مکرمہ اور حرم

الْحَرَمَيْنِ اِمَامِ الْقِبْلَتَيْنِ وَسِيْلَتِنَا فِي

مدینہ طیبہ کے حضور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں دونوں قبلوں کے امام اور دونوں جہانوں میں ہمارے

الدَّارَيْنِ صَاحِبِ قَابَ قَوْسَيْنِ مَحْبُوْبِ

وسیلہ یعنی نجات ہیں دونوں ابرو سے زیادہ رب کے قریب تھے اور مشرقین

رَبِّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبِّ الْمَغْرِبَيْنِ جَدِّ

اور مغربین کے رب کے محبوب ہیں سیدنا امام

الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ مَوْلٰنَا وَمَوْلَى الثَّقَلَيْنِ

حسن علیہ السلام اور سیدنا امام حسین علیہ السلام کے نانا پاک ہیں ہمارے مولا اور تمام جنات اور

اَبِی الْقَاسِمِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰہِ نُوْرٌ

انسانوں کے مالک ہیں ابوالقاسم ہمارے سردار حضرت سیّدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت سید نا عبداللہ

مِّنْ نُّوْرِ اللّٰہِ ط یٰٓاَیُّھَا الْمُشْتَاقُوْنَ بِنُوْرِ جَمَالِہٖ

علیہ السلام کے صاحبزادے اللہ کے نور سے نور ہیں اے طالبین جو کہ مشتاق ہیں آپ کے جمالِ نور کے

صَلُّوْا عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا

تم درود بھیجو آپ پر اور آپ کی آل پاک علیہ الصلوٰۃ والسلام پر سلام بھیجو سلام بھیجنا بہت بہت

کَثِیْرًا ط بِرَحْمَتِكَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ہ

تیری رحمت کے ساتھ اے سب رحم کرنے والوں سے زیادہ مہربانی فرمانے والے (مالک۔

تین بار تکرار کرے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہ

شجرۂ طیبہ منظوم

اے خالق مالک ارض وسماء اے رءوف رحیم کریم خدا

اے رب کریم علیم عطا ازبہرِ رسولؐ امین مدد دے

یا پنجتن پاکؑ مبین مدد دے

اے قبلۂ حق لولاکؑ لما سرکار مدینہؐ ہادیِ ما
محمود محمدؐ نور خدا مالک آسمان و زمین مدد دے
یا پنجتن پاکؑ مبین مدد دے

یا سرور دیں یا شاہِ شہاں اے وارث مالک کون و مکان
اے نورِ حقیقی، رازِ نہاں اے رسولِ کریمؐ و معین مدد دے
یا پنجتن پاکؑ مبین مدد دے

اے کعبۂ حق تصدیق توئی اے رسولؐ امین و صدیق توئی
اے مالکؑ ملک ملیک توئی یا طٰہٰؐ و یٰسین مدد دے
یا پنجتن پاکؑ مبین مدد دے

اے شیرِ خدا مولائے علیؑ دانندۂ رازِ خفی و جلی
اے مردِ مقدس شیرِ قوی اے شمع بہشت بریں مدد دے
یا پنجتن پاکؑ مبین مدد دے

اے قرۃ العین رسولِؐ نبی اے لختِ جگر نبیؐ عربی
الفاطمۃ بالضعۃ منی اے شافع مجرمین مدد دے
یا پنجتن پاکؑ مبین مدد دے

اے مولائے ما امام حسنؑ خوشبوئے تو مشک و ختن
اے باغِ مدینہؐ درِ عدن اے مالک علیین مدد دے
یا پنجتن پاکؑ مبین مدد دے